سوال

(1097) عورت کے اجنبی مردوں کے سامنے نماز ادا کرنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

اگر سامنے اور قریب میں اجنبی لوگ موجود ہوں تو عورت نماز کیسے پڑھے جیسے کہ مسجد حرام وغیرہ میں ہوتا ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اگر عورت کے قرب وجوار میں اجنبی اور غیر محرم لوگ موجود ہوں یا اس کے پاس سے گزرتے ہوں، جیسے کہ مسجد حرام وغیرہ میں ہوتا ہے، تو اسے چاہئے کہ اپنا سارا بدن، چہرہ، ہاتھ اور پاؤں سب چھپا لے۔ یہ محض نماز کے لیے نہیں ہے (بلکہ اجنبی لوگوں کی نظروں سے بچاؤ کے لیے ہے)۔ نماز کے لیے حجاب اور نظر دو علیحدہ علیحدہ مسئلے ہیں، ان کا آپس میں کوئی ربط نہیں ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

صفحہ نمبر 770

محدث فتویٰ